فوری ریلیز کے لیے: 23/9/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کا ریاست بھر کے فنکاروں کے لیے فیلوشپ کے موقع کا اعلان

نیو یارک کونسل برائے آرٹس کا یہ پروگرام فیلوشپ کے دوسرے سال میں فنکاروں کو NYS ایجنسیوں کے اندر جگہ دیتا ہے تاکہ وہ ریاست کے اہم اقدامات پر باہمی تعاون سے کام کر سکیں

ریاستی ایجنسیوں کے ساتھ فیلوشپ کے لیے چار اسامیاں دستیاب ہیں؛ درخواستیں 21 اکتوبر 2026 تک جمع کروائی جا سکتی ہیں

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے اعلان کیا ہے کہ ریاست نیو یارک کے فنکاروں کی اہم ریاستی اقدامات میں جدت آمیز شمولیت کی خاطر ریاستی ایجنسیوں کے ساتھ شراکت قائم کرنے کے لیے درخواستیں دائر کرنے کے موقع دستیاب ہیں۔ 2026 میں شروع کی گئی اور اب اپنے دوسرے سال میں داخل ہونے والی دی نیو یارک اسٹیٹ آف دی آرٹس فیلوشپ (The New York State of the Arts Fellowship)، جس کا انتظام ریاست نیو یارک کی کونسل برائے آرٹس (New York State Council on the Arts, NYSCA) کرتی ہے، فنکاروں اور ریاستی حکومت کو یکجا کرتی ہے تاکہ کمیونٹی کے روابط کو فروغ دیا جا سکے، عوامی مقامات کو بہتر بنایا جا سکے اور اہم عوامی خدمات کے اقدامات کو زیادہ مؤثر انداز میں اجاگر کیا جا سکے۔

"منفرد اور بین الشعبہ جاتی شراکت داری کے لیے مواقع پیدا کر کے، اسٹیٹ آف دی آرٹس فیلوشپ پروجیکٹس اور درپیش چیلنجز کے لیے نئے اور بامعنی طریقے تیار کرنا جاری رکھے گی،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "میں اپنی تخلیقی کمیونٹی کی حوصلہ افزائی کرتی ہوں کہ وہ اس موقع کے لیے درخواست دے اور اپنی تخلیقی صلاحیت اور جدت کے ذریعے اپنے ساتھی نیو یارک کے شہریوں کی خدمت کرے۔"

اس پروگرام کے بارے میں رہنما ہدایات arts.ny.gov/SOAfellow پر دستیاب ہیں۔ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 21 اکتوبر 2026، شام 5:00 بجے ہے۔ فیلوز کا اعلان 2027 کے اوائل میں کیا جائے گا۔

اسٹیٹ آف دی آرٹس فیلوشپ 2027 کے اوائل سے شروع ہونے والی ایک سالہ ریزیڈنسیز کے لیے منتخب فنکاروں کو چار ریاستی ایجنسیوں میں جگہ دے گی۔ تمام شعبوں کے فنکاروں، جن میں بصری فنون، پرفارمنس، ادب، فلم اور بین شعبہ جاتی فنون شامل ہیں، کو اس منفرد موقع کے لیے درخواست دینے کی دعوت دی جاتی ہے۔

شرکت کرنے والی ایجنسیوں میں شامل ہیں:

- **ریاست نیو یارک کینال کارپوریشن (New York State Canal Corporation):** فیلو، نہری کاریگری (Canal Craft) کی اختراع پسندی اور جدت کی تشریح کرے گا اور اسے لوگوں تک پہنچائے گا تاکہ نہری کارکنوں اور نہری قصبوں کی کئی نسلوں پر محیط خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا جا سکے، ان کی حوصلہ افزائی کی جا سکے اور نہری نظام کے مستقبل کی تشکیل میں مدد دی جا سکے۔ (ریاست نیو یارک بھر میں نہری راہداری کے ساتھ ساتھ موجود مقامات؛ عملے کے دفاتر بفلو، سیراکیوز اور البنی میں واقع ہیں)

- **ریاست نیو یارک کا ڈویژن برائے انسانی حقوق (Division of Human Rights, DHR):** فیلو حقوق، شناخت اور وابستگی کے احساس سے متعلق اہم مکالموں کو بامعنی اظہار دے گا، اور ساتھ ہی ان بڑے تصورات کو نیو یارک کے شہریوں کی روزمرہ زندگی سے بھی جوڑے گا (نیو یارک سٹی/برونکس)
- **ریاست نیو یارک کا گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کا محکمہ (New York State Homes & Community Renewal, NYSHCR) — اسٹیٹ آف نیو یارک مارگیج ایجنسی (State of New York Mortgage Agency, SONYMA):** فیلو گھر کی ملکیت سے متعلق آگاہی اور تاثر میں موجود خلا کو کم کرنے میں مدد کرے گا اور SONYMA کے مواقع کو ان متنوع طبقات اور کمیونٹیز سے جوڑے گا جن کی یہ ریاست نیو یارک بھر میں خدمت کرتی ہے۔ (ریاست نیو یارک بھر میں مختلف مقامات؛ مرکزی دفاتر البنی اور مینہیٹن میں واقع ہیں)
- **ریاست نیو یارک کا دفتر برائے نشوونمائی معذوریوں کے حامل افراد (Office for People With Developmental Disabilities, OPWDD):** فیلو وِلوبروک اسٹیٹ اسکول (Willowbrook State School) کے سابق رہائشیوں اور ان کے خاندان کے افراد، معذوری کے حقوق کی کمیونٹی کے دیگر متعلقہ فریقوں اور عوام کی اجتماعی یادداشتیں، ذاتی تجربات اور محفوظ شدہ تاریخی مواد کو جمع کرے گا، لوگوں تک پہنچائے گا اور ان کی تشریح کرے گا اور یہ کام ایسے طریقوں سے کیا جائے گا کہ جو حال اور مستقبل کے پڑوسیوں، طلبہ اور سیاحوں کو متوجہ کریں اور ان کے لیے بامعنی ہوں۔ یہ کام نئے وِلوبروک سینٹر فار لرننگ (Willowbrook Center for Learning) کی تعمیر اور افتتاح کے ساتھ ہم آہنگ کیا جائے گا۔ (البنی اور اسٹیٹن آئی لینڈ)

باہمی تعاون کے ایک عمل کے ذریعے، فیلوز ریاستی ایجنسیوں کے ساتھ قریبی طور پر کام کریں گے تاکہ اہم مسائل سے نمٹا جا سکے اور ایسے پروجیکٹس پر عمل درآمد کیا جا سکے جو نیو یارک بھر کی کمیونٹیز پر دیرپا اثر چھوڑیں۔ فیلوز کا انتخاب میزبان ایجنسی اور NYSCA کریں گے۔ ہر آرٹسٹ فیلو کے لیے ایوارڈ کی رقم $60,000 ہے، جس میں پروجیکٹ کے تمام اخراجات شامل ہیں۔

ریاست نیو یارک کی کونسل برائے آرٹس کی ڈائریکٹر Erika Mallin (ایریکا میلِن) نے کہا، "تنقیدی سوچ رکھنے والے افراد اور فکری رہنماؤں کے طور پر، فنکار منفرد نقطۂ نظر سامنے لاتے ہیں جو ہمارے لیے سب سے بڑے چیلنجز کے حل کو نئے انداز میں سوچنے میں ہماری مدد کرتے ہیں۔ ریاست نیو یارک کی کونسل برائے آرٹس کو فخر ہے کہ وہ دوسرے سال اس اہم اقدام کی قیادت کر رہی ہے اور فنکاروں اور ریاستی ایجنسیوں کو حقیقی تخلیقی اشتراک کے تحت یکجا کر رہی ہے۔"

ریاست نیو یارک کی کونسل برائے آرٹس کے چیئر Patrick Willingham (پیٹرک وِلنگھم) نے کہا، "فنکار اپنے منفرد نقطۂ نظر اور تخلیقی انداز میں مسائل حل کرنے کی صلاحیت سے حکومتی کام میں بے پناہ اہمیت کا اضافہ کرتے ہیں لیکن اس سے بھی اہم بات یہ ہے کہ وہ ہمیں ایک دوسرے کی انسانیت سے جوڑتے ہیں اور مشترکہ کمیونٹی کے ہمارے احساس کو نئی توانائی دیتے ہیں۔ اسٹیٹ آف دی آرٹس فیلوز پروگرام اس بات کا ثبوت ہے کہ تخلیقی طرزِ عمل عوامی خدمت اور عوامی زندگی کو کس طرح متاثر کر سکتا ہے اور ان میں نئی توانائی پیدا کر سکتا ہے۔"

ریاست نیو یارک کی کینال کارپوریشن کے ڈائریکٹر Ben Walsh (بین والش) نے کہا، "ہمیں اسٹیٹ آف دی آرٹس فیلوشپ پروگرام میں NYSCA کے ساتھ شراکت پر فخر ہے تاکہ ریاست نیو یارک کے نہری نظام کو برقرار رکھنے کے پسِ پشت موجود 'نہری کاریگری' کو نمایاں کیا جا سکے۔ میں نے اس مہارت اور لگن کو خود اپنی آنکھوں سے ملاحظہ کیا ہے کہ جس کے ساتھ ہماری افرادی قوت اس تاریخی اور بدستور اہم آبی گزرگاہ کی نگہداشت کے لیے کام کرتی ہے۔ ان کی اختراع پسندی، فنی مہارت اور جذبہ ہی نہری کاریگری کی پہچان ہیں اور ہمارے نہری نظام کے مسلسل کام کرنے کی تیسری صدی میں بھی نیو یارک کے تمام شہریوں کے لیے نہروں کو محفوظ طریقے سے فعال رکھتے ہیں۔ میں یہ دیکھنے کا منتظر ہوں کہ ایک فنکار اس کام کی کس طرح تشریح کرتا ہے اور اس منفرد کاوش اور نہری نظام اور اسے جاری رکھنے والے لوگوں کے لیے قدردانی اور دلچسپی میں اضافہ کرتا ہے۔"

ریاست نیو یارک کے ڈویژن برائے انسانی حقوق کی کمشنر Denise M. Miranda (ڈینیس ایم مرانڈا) نے کہا، "ریاست نیو یارک ایک طویل عرصے سے ترقی کی ایک روشن مثال رہی ہے اور اس نے ملک میں شہری حقوق کے ابتدائی اور مضبوط ترین تحفظات میں سے چند کی بنیاد رکھنے میں پیش قدمی کی ہے۔ لیکن پالیسی کی کامیابیاں اور قانونی فتوحات ہمیشہ اس کام کے مکمل اثرات کا احاطہ نہیں کر سکتیں۔ فنکارانہ انداز میں داستان گوئی ایک منفرد اور تبدیلی لانے والی قوت ہوتی ہے جو ان اہم کامیابیوں کو ایسے انسانی تجربات میں ڈھال سکتی ہے جن سے ہم سب اپنا تعلق محسوس کر سکیں اور انہیں سمجھ سکیں۔ ڈویژن برائے انسانی حقوق کو ریاست نیو یارک کی کونسل برائے آرٹس کے ساتھ شراکت داری کرنے اور 27-2026 اسٹیٹ آف دی آرٹس فیلوشپ پروگرام میں حصہ لینے پر فخر ہے اور ہم ایک ایسے فنکار کے انتخاب کے منتظر ہیں جو ہماری ریاست کے شہری حقوق کے ورثے کو جیتی جاگتی شکل دے سکے۔"

ریاست نیو یارک میں گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کے محکمے کی کمشنر RuthAnne Visnauskas (روتھ این ویناسکس) نے کہا، "اسٹیٹ آف نیو یارک مارگیج ایجنسی کے ذریعے، HCR ریاست بھر کے افراد اور خاندانوں کے لیے گھر کی ملکیت کو زیادہ قابلِ حصول بنانے کے لیے کام کرتی ہے۔ یہ فیلوشپ ہمیں اس کام میں ایک نیا تخلیقی نقطۂ نظر شامل کرنے کا ایک پُرکشش موقع دیتی ہے جس سے آگاہی اور تاثر میں موجود خلا کو کم کرنے میں مدد ملتی ہے تاکہ لوگ اپنے لیے دستیاب گھر کی ملکیت کے مواقع کو بہتر طور پر سمجھ سکتے ہیں۔ گھر کی ملکیت کا اثر فرد تک محدود نہیں رہتا بلکہ یہ خاندانوں کے لیے استحکام اور نسل در نسل باقی رہنے والی دولت بنانے کے مواقع پیدا کر سکتا ہے۔ ہم نیو یارک کو زیادہ قابلِ استطاعت بنانے کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) کے مسلسل عزم پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور ریاست نیو یارک کی کونسل برائے آرٹس کے ساتھ اس جدید شراکت داری کے منتظر ہیں۔"

ریاست نیو یارک کے دفتر برائے نشوونمائی معذوریوں کے حامل افراد کی کمشنر Willow Baer (ولو بیئر) نے کہا، "OPWDD کو اس بات پر بے حد خوشی ہے کہ ریاست نیو یارک کی کونسل برائے آرٹس نے ہمیں اپنی ٹیم میں ایک آرٹسٹ فیلو کا خیرمقدم کرنے کے لیے منتخب کیا ہے تاکہ اسٹیٹن آئی لینڈ میں نئے ولوبروک سینٹر فار لرننگ کے تصور کی تشکیل میں مدد ملے جو نشوونمائی معذوریوں کے حامل افراد کا ایک سابق ادارہ تھا، جسے 50 سال سے زیادہ عرصہ پہلے بند کر دیا گیا تھا۔ داستان گو کے طور پر فنکار کا نقطۂ نظر، ماضی اور مستقبل کی نسلوں کے لیے، پروجیکٹ کے ڈیزائن اور اس کے کردار کو مزید مؤثر بنائے گا اور نیو یارک کے ان اہداف کو بھی آگے بڑھانے میں مدد دے گا جو سب کے لیے کمیونٹی میں انضمام اور شمولیت سے متعلق ہیں۔"

ریاستی سینیٹر Jose M. Serrano (خوسے ایم سیرانو) نے کہا، "مجھے بے حد خوشی ہے کہ اسٹیٹ آف دی آرٹس فیلوشپ نیو یارک کے باصلاحیت فنکاروں اور ریاست نیو یارک کی ایجنسیوں کے درمیان اس شاندار اشتراک کو جاری رکھے گی۔ سینیٹ کی ثقافتی امور کی کمیٹی کے سربراہ کی حیثیت سے میرا ماننا ہے کہ یہ پروگرام ہماری تخلیقی افرادی قوت کو اپنے منفرد نقطۂ نظر اور مہارت کو عوامی شعبے میں لانے کا ایک قیمتی موقع فراہم کرتا ہے۔ مختلف شعبوں کے درمیان تعاون کو فروغ دے کر، ہم جدید طریقے، تخلیقی حل اور کمیونٹی کی زیادہ مضبوط شمولیت پیدا کر سکتے ہیں۔"

رکن اسمبلی Ron Kim (رون کِم) نے کہا، "میں ریاست نیو یارک کی کونسل برائے آرٹس اور اس سال شریک ہونے والی ایجنسیوں کو اس بات پر سراہتا ہوں کہ وہ ہمارے تخلیقی شعبے کے ساتھ تعاون کر رہی ہیں تاکہ ریاست بھر میں نیو یارک کے شہریوں کی بہتر خدمت کی جا سکے۔ میں یہ دیکھنے کا منتظر ہوں کہ یہ پروجیکٹس عوامی خدمت سے متعلق ہمارے نقطۂ نگاہ کو کس طرح نئی شکل دیں گے اور ان کمیونٹیز کے ساتھ ہمارے تعلق کو کس طرح مزید گہرا کریں گے جن کی ہم خدمت کرتے ہیں۔"

ریاست نیو یارک کونسل برائے آرٹس کا تعارف

ریاست نیو یارک کی کونسل برائے آرٹس کا مشن یہ ہے کہ ریاست نیو یارک کے فنون لطیفہ، ثقافت، اور تخلیقی صلاحیتوں کی مکمل وسعت کو فروغ دیا جائے اور اسے سب کے لیے قابل رسائی بنایا جائے۔ مالی سال 2027 کے لیے، کونسل برائے فنون کی جانب سے 161$ ملین ایوارڈ کیے جائیں گے، جو ریاست کے تمام 10 خطوں میں تنظیموں اور فنکاروں کی خدمت میں استعمال ہوں گے۔ گورنر Nelson Rockefeller (نیلسن راک فیلر) کی جانب

سے 1960 میں تخلیق کردہ اور گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) اور ریاست نیو یارک کی مقننہ کے تعاون سے جاری رکھی گئی یہ کونسل، ایک ایسی ایجنسی ہے جو ایگزیکٹیو برانچ کا حصہ ہے۔ NYSCA کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم www.arts.ny.gov ملاحظہ کریں اور NYSCA کے Facebook پیج، X سابقہ Twitter پر @NYSCArts اور Instagram پر @NYSCouncilontheArts کو فالو کریں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔